☆......تبصرہ کے لیے دو کتابیں بھیجنا ضروری ہے
☆......کتابیں مرکزی دفتر کے پتے پر بھیجیے

تسہیل السنن جدید فی حل سنن ابی داوٗد

تالیف: مولانا سیف الرحمٰن مدظلہم، صفحات: ۹۵۵/ طباعت: مناسب/ قیمت: لکھی نہیں/ ملنے کا پتا: مکتبہ عمر بن الخطاب، شاہ محسن عالم کالونی سوفٹی روڈ ملتان، فون 0300-7345151

''سنن ابی داوٗد'' دورۂ حدیث شریف کے سال پڑھائی جانے والی حدیث شریف کی اہم ترین کتاب ہے۔ امام ابوداوٗد سلیمان بن اشعث بن اسحاق رحمہ اللہ (المتوفیٰ ۲۷۵ھ) نے پانچ لاکھ احادیث میں سے چار ہزار آٹھ سو احادیث کو منتخب کر کے سنن کا مجموعہ ترتیب دیا۔ صحت کے لحاظ سے اکثر ائمہ حدیث نے اسے بخاری و مسلم کے بعد تیسرے درجے میں شمار کیا ہے۔ ''سنن ابی داوٗد'' اپنی بعض خصوصیات کے لحاظ سے دیگر کتب سنن میں ممتاز و معتبر ہے۔

سنن ابی داوٗد طالبات کے درجہ عالمیہ میں شامل نصاب ہے، حضرت مولانا سیف الرحمٰن صاحب مدظلہم نے طالبات کے نصاب کے پیش نظر اس کی تشریح و توضیح فرمائی ہے۔ تمام احادیث اعراب کے ساتھ دی گئی ہیں۔ مشکل الفاظ کے علیحدہ معانی و مطالب اور مختلف فیہ مسائل میں تمام مذاہب کے حوالہ جات دیے گئے ہیں۔ سنن ابی داوٗد میں ایک اہم مبحث ''قال ابوداوٗد'' ہے۔ ان مباحث کو بھی نہایت عام فہم انداز میں دیا گیا ہے۔ آغاز میں ایک مبسوط مقدمہ بھی دیا گیا ہے جس میں امام ابوداوٗد رحمہ اللہ کے حالات زندگی، آپ کی تصانیف، فن حدیث میں آپ کا مقام، سنن کا تعارف، خصوصیات سنن ابی داوٗد، ماسکت علیہ ابی داوود، کتب صحاح میں ثلاثیات کا وجود، ہندوستان میں علم حدیث وغیرہ پر بحث کی گئی ہے۔ ''تسہیل السنن جدید'' پڑھتے ہوئے اندازہ ہوتا ہے کہ مؤلف محترم نے نہ تو بہت اختصار سے کام لیا ہے اور نہ ہی احادیث پر طویل کلام کر کے قاری کو اپنے علم سے دھمکانے کی کوشش کی ہے، اگرچہ اسے بنات کے نصاب کو مدنظر رکھتے ہوئے ترتیب دیا گیا ہے، بایں ہمہ یہ شرح بنین اور ان کے اساتذہ کے لیے بھی مفید ہے۔